● جماعت چند محدود مقاصد کے تحت حکومت میں شامل ہوئی تھی۔ حکومت اور عوام میں کسی رابطہ کی ضرورت تھی ورنہ ملک مداخلت کا شکار ہو سکتا تھا۔ احتساب کے لیے حکومت کو وقت چاہیے تھا اور دیگر تمام سیاسی پارٹیاں وہ وقت دینے کے لیے تیار نہ تھیں۔ اس دوران اگر حکومت بالکل ہی لوگوں سے کٹی ہوئی ہوتی تو یہ بات ملک کے لیے نقصان دہ تھی۔ چنانچہ ملک کو انتشار سے بچانے کیلیے ہم حکومت میں شامل ہوئے تھے اور اس میں کامیاب بھی رہے۔ اسلامی نفاذ کے عمل کو مروج کار لانے کے لیے جماعت نے مدد دی اور ایسی کوئی بات نہیں کہ ہم نے اپنی مقبولیت کھو دی ہو۔ اس قلیل مدت میں جماعت کی طرف سے نامزد وزراء نے انتھک محنت کی اور سب سے بڑھکر جو بات آئندہ یاد رکھی جائے گی وہ یہ ہے کہ ہم ایک بہتر صورت میں حکومت سے نکلے ہیں۔ ہمارے دامن پر کوئی دھبہ نہیں۔ بلکہ ہمارا کام جو ہوا ہے وہ ایک کھلی کتاب کی حیثیت رکھتا ہے اور ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اگر کوئی جماعت کی طرف سے بھیجے گئے وزراء کا احتساب کرنا چاہے تو ہمیں خوشی ہوگی۔

س: جب بھی کسی کو قومی اتحاد پر تنقید کرنا ہوتی ہے تو وہ جماعت اسلامی کو تختۂ مشق بناتا ہے۔ حالانکہ جماعت کے علاوہ پانچ دوسری بڑی جماعتیں بھی قومی اتحاد میں شریک ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہے؟

● اس کی وجہ بہت واضح ہے کہ جماعت اسلامی مضبوط، منظم اور معقول جماعت ہے اور اپنے حریفوں کی آنکھوں میں بری طرح کھٹکتی ہے۔ اس جماعت کے پاس جو قوت ہے اس کے حریف اس قوت سے گھبراتے ہیں اور اپنے لیے خطرہ محسوس کرتے ہیں۔

س: کیا یہ درست ہے کہ پیر پگارا قومی اتحاد میں جماعت اسلامی کی شمولیت کے خلاف ہیں؟

● حقیقت میں کوئی بھی اتحاد جماعت کی شمولیت کے بغیر چل نہیں سکے گا۔ جماعت تو ہر اتحاد کی روح رواں رہی ہے۔ اور اس کی تنظیم سے فائدہ اٹھاکر دوسری جماعتیں عوام تک پہنچ جاتی ہیں۔ جہاں اتحاد میں جماعت کو دوسری پارٹیوں کی حمایت کی ضرورت ہے وہیں دوسری پارٹیوں کو اس جماعت کی تنظیمی صلاحیتوں کی بھی اشد ضرورت ہے۔

س: اسلامی سزاؤں کے نفاذ کے علاوہ کیا کبھی اسلامی معیشت کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا ہے؟

● معاشرے کی بہتری کے لیے کچھ فوری اقدامات ہوتے ہیں اور کچھ دور رس۔ فوری اقدامات وہ ہوتے ہیں جس میں ہزاروں لوگوں کی جان و مال کے تحفظ کی ضمانت دینا ضروری ہوتا ہے۔ یہ اس وقت تک بھی ممکن نہیں ہوگا جب مجرموں کو کھلی چھٹی دے دی جائے۔ اسلامی قانون کے تحت سزاؤں کے نفاذ سے جرائم پر خاطر خواہ اثر پڑا ہے۔ گو صرف اسلامی سزاؤں پر عمل درآمد کے ذریعے ہی اسلامی معاشرہ وجود میں نہیں آئے گا۔ معاشی مسائل وقت طلب ہوتے ہیں۔ جو دور رس نتائج کے حامل ہوتے ہیں۔ ان پر عمل شروع کیا جا چکا ہے۔ ان پر عمل شروع کیا جا چکا ہے۔ مثلاً زکوٰۃ کا آرڈیننس نافذ ہو چکا ہے۔ اس فنڈ میں دو ارب چھپن کروڑ روپے جمع کیے جا چکے ہیں۔ زکوٰۃ کمیٹیاں حکومت میں جاری قلیل مدت میں ہی ملک کے کونے کونے میں پھیلائی گئی تھیں۔ اب اگر عوام بھی منتخب ہو جائیں تو ان زکوٰۃ کمیٹیوں کو زیادہ موثر بنا کر امیر اور غریب کے فرق کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ ہم تو سمجھتے ہیں کہ اخلاقی، اقتصادی اور تعلیمی مسائل ایک دوسرے سے متعلق ہیں اور انھیں حل کیے بغیر ایک مکمل اسلامی معاشرہ وجود میں نہیں آ سکتا۔

س: کیا تحریک استقلال کی مقبولیت بڑھ رہی ہے؟

● میرے خیال میں یہ قطعی بے بنیاد ہے۔ تحریک استقلال پاکستان میں نہ کبھی مقبول تھی اور نہ اب ہے۔ نہ کبھی عوامی جماعت تھی اور نہ اب ہے۔ اس کے لیڈر نے اپنا موقف کئی بار بدلا۔ ایوب خاں کے آخری دور میں جسٹس پارٹی بنائی پھر یہ پارٹی توڑ دی۔ اس کے بعد نوابزادہ نصر اللہ کی پارٹی میں شامل ہو گئے۔ اسے بھی جلد ہی چھوڑ دیا۔ پھر تحریک استقلال کی بنیاد ڈالی۔ الیکشن ۱۹۷۰ء سے پہلے یہ کہتے تھے کہ انتخابات میں حصہ نہیں لوں گا۔ کیونکہ ہماری پارٹی سیاسی جماعت نہیں ہے بلکہ ایک تحریک ہے۔ مگر خود ہی اصغر خاں نے الیکشن لڑا بھی اور ہار گئے۔ ۱۹۷۷ء میں خود ہی یہ کہتے رہے کہ میں کسی اتحاد کو قبول نہیں کروں گا۔ میں خود ہی تحریک چلاؤں گا اور پوری قوم میرا ساتھ دے گی۔ لیکن آخری وقت میں انھوں نے قومی اتحاد میں شمولیت اختیار کر لی۔ قومی اتحاد میں آنے کے بعد قوم میں ان کی کچھ حیثیت بن گئی تھی۔ مگر اتحاد سے نکلنے کے بعد ان کی ساکھ کو کافی نقصان پہنچا۔ اب وہ اخباروں میں پبلسٹی کے ذریعہ اپنی حیثیت اجاگر کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ مگر عوام کے اندر نہ تو اس پارٹی کے لیڈر کا اثر ہے اور نہ اس پارٹی میں وہ لوگ ہیں جن کی عوام کے اندر جڑیں ہیں۔

س: کیا اصغر خاں صاحب اور مولانا نورانی کا آپس میں کوئی جوڑ ممکن ہے؟

● کسی بھی پارٹی کا اکیلے الیکشن جیتنا ممکن نہیں۔ جونہی الیکشن کے دن قریب آتے ہیں یہ دونوں پارٹیاں قومی اتحاد میں دوبارہ شمولیت کی کوشش کریں گی اگر وہاں جگہ نہ ملی تو شاید آپس میں گٹھ جوڑ کر لیں۔ اصل معرکہ تو قومی اتحاد اور پیپلز پارٹی میں ہوگا۔

چونکہ قاضی حسین احمد صاحب کا تعلق بھی صوبہ سرحد سے ہے اور وہ بنفس نفیس افغان مہاجرین کے کیمپوں کا دورہ بھی کر چکے تھے۔ اس لیے وہ افغانستان میں حریت پسندوں کی جدوجہد پر زیادہ بہتر طریقہ سے روشنی ڈال سکتے تھے۔

انھوں نے انکشاف کیا کہ افغانستان میں حریت پسندوں کی جنگ کسی ایک قبیلے کی کسی دوسرے قبیلے سے نہیں بلکہ یہ پانچوں افغان قبیلوں کی روسی جارحیت کے خلاف جنگ ہے۔ یہ جنگ اسلام کے دشمنوں کی دہریت کے خلاف جنگ ہے۔ پانچوں افغان قومیں پختون، تاجک، ازبک، ہزارہ اور بلوچ صرف اللہ کے دین کے تحفظ کیلیے دنیا کی ایک سپر پاور کے خلاف آگ اور خون میں کود پڑے ہیں۔

اب تک افغان حریت پسندوں کا پلہ بہت بھاری ہے۔ انھوں نے دو اہم صوبوں کنڑ اور پکتیا پر قبضہ کر لیا ہے کنڑ کی سرحد چترال سے جا ملتی ہے اور پکتیا وزیرستان سے ملحق ہے۔

روس کے پاس اس وقت دو ہی راستے ہیں۔ یا تو اپنا کالا منھ لے کر نکل جائے مگر اس کے لیے ممکن نہیں۔ کیونکہ اگر آج افغانستان ہاتھ سے گیا تو کل تاجکستان اور ازبکستان کی باری آ جائے گی۔ دوسرا راستہ یہ رہ جاتا ہے کہ افغانستان کو ایک دوسرا چیکوسلواکیہ بنایا جائے۔ مگر اس کی قیمت کیا ہوگی۔ شاید نوزائیدہ سامراج روسی حکمرانوں کو اپنے تجربہ کی بنا پر مسلمان افغانوں کی غیرت کا مول بتلا سکے۔

قاہرہ کی جیمس سٹریٹ کا نام بدل کر محمد علی جناح سٹریٹ رکھ دیا گیا

اسلام آباد —— (پ پ) قاہرہ کی جیمس سٹریٹ کا نام بدل کر بانی پاکستان قائد اعظم سے اظہار عقیدت کے طور پر محمد علی جناح سٹریٹ رکھ دیا گیا ہے۔ یہ سڑک شہر کے باغات کے علاقے سے گزرتی ہے۔ مصر کے حکام نے اس سلسلے میں ایک فرمان جاری کیا ہے۔ قاہرہ میں پاکستانی سفارت خانے سے موصول ہونے والی خبروں کے مطابق حکومت مصر کے اس اقدام کو مصری اخبارات نے بہت سراہا ہے اور اسے بانی پاکستان سے محبت اور احترام کا نام دیا ہے۔

شادی شدہ لڑکیوں کی خودکشی کی کوشش

حیدرآباد —— شہر سے متصل ایک بستی میں عائلی زندگی کے جھگڑوں سے تنگ آکر دو لڑکیوں نے خودکشی کی کوشش کی جن میں سے ایک کو بچا لیا گیا۔ اطلاعات کے مطابق ... گزشتہ ایک ہفتے میں گلاب ... میں تین لڑکیوں نے خانگی جھگڑوں سے تنگ آکر خودکشی کر لی۔

الیکشن سیل فوری طور پر بحال کر دیا گیا

راولپنڈی —— صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے ۱۹۷۸ء میں جو الیکشن سیل ختم کیا تھا وہ فوری طور پر بحال کر دیا گیا ہے۔ اس امر کا اعلان آج یہاں سرکاری طور پر کیا گیا ہے۔ سیل لیفٹیننٹ جنرل ایف ایس ... میجر جنرل ... اور میجر جنرل ... پر مشتمل ہوگا ... اگست ۱۹۷۷ء میں قائم کیا گیا تھا لیکن اکتوبر ۱۹۷۷ء کے انتخابات کے التوا کے بعد ... ختم کر دیا گیا تھا۔

علیحدگی ہوئی ہے طلاق نہیں!

فلموں میں کام کا شوق

جتلا کر بلیک میل کر رہی ہے

میرے گھر کو برباد ہونے سے

بچایا جائے: ایم نسیم کی اپیل



لاہور —— (فلم پیلو رپورٹر) ممتاز فلمساز ایم نسیم نے جو آج کل لاہور کے شہر ... میں ہیں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ انھوں نے لیلیٰ کو طلاق نہیں دی وہ اب بھی ان کی بیوی ہیں۔ البتہ ان دونوں کے درمیان علیحدگی ہے کیونکہ لیلیٰ فلموں میں کام کرنے کے شوق میں انھیں بلیک میل کر رہی ہیں اور طلاق کے بارے میں غلط خبریں شائع کرواتی رہتی ہیں۔ مسٹر ایم نسیم نے بتایا کہ ان کی شادی ... میں ہوئی تھی ... تحریری طور پر طے پایا تھا کہ لیلیٰ تمام عمر فلموں میں کام نہیں کریں گی ... فلموں میں کام کرنے کا شوق ... اپنے گھر اور بچوں کے مستقبل کو داؤ پر لگانا چاہتی ہے ... فلموں میں کام کرنے کی بجائے اپنے بچوں کی طرف توجہ دے ...

اپنے مستقبل کے لیے فلموں میں دوبارہ کام شروع کرنا چاہتی ہے انھوں نے کہا کہ وہ لیلیٰ سے علیحدگی کے باوجود بچوں کے اخراجات برداشت کرنے کو تیار ہیں بشرطیکہ وہ گھر پر زندگی بسر کرے اور فلموں میں دوبارہ کام کرنے کا ارادہ ترک کر دے۔ انھوں نے فلمسازوں سے اپیل کی کہ ان کے گھر کو برباد ہونے سے بچائیں اور اولاد کے بچوں کے مستقبل کی خاطر لیلیٰ کو فلموں میں کام نہ دیں ... فلمساز ... کوئی شخص ... اخبارات ... کر دیں۔

چار اخبارات پر سے سنسر ختم کر دیا گیا

کراچی —— (اسٹاف رپورٹر) حکومت سندھ نے صوبے کے چار اخبارات پر سے سنسر فوری طور پر ختم کر دیا ہے۔ سنسر کا حکم سندھ تحفظ امن عامہ آرڈیننس ... کے تحت جاری کیا گیا تھا ... جن اخبارات پر سے سنسر ختم کیا گیا ہے ان میں کراچی کے ... مساوات، صداقت ... کے علاوہ ... شامل ہیں۔

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

پاکستانی مسلمان لڑکی عمر ۲۱ سال خوبصورت، کینیڈین سیٹیزن، کمیونٹی کالج کی گریجویٹ، ماڈرن، روشن خیال کے لیے مسلمان پروفیشنل جو روشن خیال اور ماڈرن ہو، سے رشتہ درکار ہے۔ جلد خط و کتابت پتہ ذیل پر کیجیے:

M. HUSSAIN
P.O. BOX 5, STN. 'A'
MISSISSAUGA, ONT.
L5A 2Y9

●

اعلیٰ تعلیم یافتہ، پاکستانی مسلمان کینیڈین امیگرنٹ، عمر ۲۹ سال کے لیے مناسب رشتہ درکار ہے۔ لڑکی کا تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامی اقدار میں اعتقاد بھی ہونا چاہیے۔ پہلے ہی خط میں ضروری تفصیلات سے مطلع کریں:

AHMAD
C/O CRESCENT

●

ایک ۲۹ سالہ پاکستانی مسلمان لڑکے کے لیے، جو شریف النفس، با اخلاق اور اچھی شخصیت کا حامل ہے، ایک خوش خصال، شریف اور گھریلو طرز کی امیگرنٹ لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکے کے لیے ٹورانٹو میں بہترین کاروبار ملازمت موجود ہے۔ پتہ ذیل پر خط و کتابت کیجیے:

G.S.
C/O VOICE OF ASIA
1875 LESLIE ST., #21
DON MILLS, ONT.
M3B 2M6

●

کار برائے فروخت

۱۹۷۳ء کی ٹویوٹا سلیکا، نئے ٹائر اور ریڈیو، ۴ سپیڈ ... کے ساتھ بہت اچھی حالت میں فروخت کی جا رہی ہے۔ قیمت ۱۵ سو ڈالر۔ تفصیلات کیلیے فون کیجیے:

487 9623

●

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف پانچ ڈالر ہے پیشگی ادائی ضروری ہے)

شادی خانہ آبادی

دنیا کے کسی بھی ملک مثلاً انڈیا، پاکستان، بنگلہ دیش، سری لنکا، انگلینڈ، شمالی امریکہ، افریقہ اور مڈل ایسٹ وغیرہ میں جہاں بھی ہندوستانی اور پاکستانی آباد ہیں۔ شادی کے لیے ہماری خدمات حاصل کریں۔
تفصیل کے لیے جانے کسی بھی دفتر کو اپنا مکمل پتہ اور ... لکھکر ارسال فرمائیں۔

INTERNATIONAL MARRIAGE SERVICE
Head Office
P.O. BOX 951, STATION "A"
SCARBOROUGH (TORONTO)
ONTARIO, CANADA M1K 5E[illegible]

طنز و مزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (ٹورانٹو)

"میرے خیال میں اب "ہاں" کر ہی دینی چاہیئے۔"

"آپ تو بس یونہی باتیں کرتے ہیں۔"

"کیا مطلب؟"

"مطلب یہ کہ ابھی جمعہ جمعہ آٹھ دن ہوئے ہیں پیغام آئے اور آپ ہیں تیار "ہاں" کر دینے کے لیئے!"

"جب یہ معلوم ہو گیا کہ خاندان کے یہ لوگ (جو بھی ہیں) سابق وزیر مولانا کوثر نیازی کی دادیہال کے دور کے رشتہ دار ہیں، لڑکا شکل و صورت، صحت، پنج، اوپری آمدنی اور چال چلن کے اعتبار سے ٹھیک ہے تو اب دیر کس بات کی؟"

"دیر کس بات کی ---! کبھی یہ بھی خیال آیا کہ لڑکی کی رائے معلوم کر لی جائے؟"

میاں کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں۔ بولے "قسم خدا کی یوں لگتا ہے جیسے کہ رعنا لیاقت بول رہی ہوں!"

مسکراہٹ کو دباتے ہوئے اور لہجے میں سنجیدگی پیدا کرتے ہوئے بیگم گویا ہوئیں۔ "اے! ہے! میں رعنا وعنا کو تو جانتی نہیں ہوں، لیکن یہ ضرور جانتی ہوں کہ لڑکی کی رائے لینا مذہب میں ضروری ہے۔"

چند لمحوں کی خاموشی کے بعد ---

"تو کس نے تم سے کہہ دیا کہ اس مذہبی حکم پر میں عمل نہیں کروں گا؟"

سر و تار و کے ہوئے بیگم نے منہ اٹھا کر کہا "تو پھر؟ پوچھیئے!"

"بڑھاپے میں تمہارا دماغ سٹھیا گیا ہے! یہ کوئی موقع محل ہوا پوچھنے کا؟ جب وقت آئے گا تو پوچھ لیا جائے گا۔"

"سمجھی نہیں میں!"

"سمجھو گی کیسے! اللہ نے تم کو سمجھنے کے لیے عقل ہی نہیں دی۔"

"بس! لگے پھر آپ دور کی ہانکنے!"

منہ سے چھالیہ کے ایک سخت دانے کو نکالنے اور اس کو دیکھنے کے بعد پھر سے منہ میں رکھتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"تم سے تمہارے خاندان والوں نے تمہاری مرضی کس وقت معلوم کی تھی؟"

"نکاح کے وقت!"

"اللہ! اللہ! خیر صلّا! بات ختم ہو گئی --- اتنی سی بات کا اتنا بتنگڑ!"

"نہیں! نہیں! بالکل آخری وقت اتنے لوگوں کی موجودگی میں اس سے پوچھنا غلط ہو گا۔"

"دیکھو نا! اُس سے پوچھنا تو کسی وقت بھی بے کار ہو گا۔ مشرقی لڑکیاں اس مسئلہ پر شرم کی وجہ سے منہ ہی کب کھولتی ہیں۔ سہیلیوں سے بھی وہ اس لیئے کھل کر بات نہیں کریں گی کہ ان کو معلوم ہے کہ یہ والدین سے بتا دیں گی۔ ہم تو اس مسئلہ پر امام شافعی پسند ہیں۔ ان کے مطابق لڑکی کی مرضی معلوم کرنا ضروری نہیں۔ تو کیوں نہ ہم ان کے کہنے پر عمل کر ڈالیں ---؟"

"چاروں اماموں کی رائے قرآن کریم سے بڑھ کر تو نہیں ہو سکتی۔ ہر امام نے اپنی سمجھ بوجھ کے مطابق رائے دی ہے --- قرآن کریم میں ارشاد ہوا ہے "ایسی عورتوں سے شادی کرو جو تم کو اچھی لگیں" (۴:۳) اس سے ظاہر ہوا کہ دونوں پارٹیوں کی مرضی سب سے اہم جزو ہے۔ کس قرآن میں لکھا ہے کہ جو بات یہ امام کہہ دیں وہ قرآن سے آگے بڑھ گئی؟"

کچھ دیر نظریں زمین پر گاڑ کر اور حلق صاف کرتے ہوئے میاں جی بولے۔

"مگر ہمیں مودودی کی کتابوں کی آمد بند کرنی پڑے گی۔ کیونکہ تم بجوی کم اور بنت الحق زیادہ بنتی جا رہی ہو!"

بیگم نے ایک اور گھوری بنا کر شوہر کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا:

"بات سیکھی ہوتی ہے تو کڑوے گھونٹ پینے ہی پڑتے ہیں۔"

"اب تمہاری اگر کسی نے سنی تو کل تم یہ کہو گی کہ لڑکے اور لڑکی کو ایک دوسرے کو دیکھنے دیا جائے ---"

"ظاہر ہے یہ بالکل اسلامی اصول ہے۔ ورنہ قرآن کریم کی آیت "ایسی عورتوں سے شادی کرو جو تم کو اچھی لگیں" کا مطلب ہی ختم ہو جائے گا۔ اگر یہ ایک دوسرے کو دیکھیں گے نہیں تو پسند کیسے کریں گے۔ ہندوستان پاکستان میں نہیں دکھانے کی رسم تو ہم نے ہندوؤں سے سیکھی ہے۔ معلوم ہے آپ کو ---؟"

میاں نے ماتھے پر ہاتھ مار کر کہا:

"ہمیں کیا معلوم تھا کہ مولانا مودودی سے نکاح پڑھوا دیا جائے گا --- چل تو حلال تو، آئی بلا کو ٹال تو!"

"مت بھولیئے کہ اسلام نے عورت کو بھی طلاق کا حق دیا ہے ---"

"بس! بس! اِن دھمکیوں کو اپنے پاندان تک ہی محدود رکھیں --- چلی ہیں لیکچر دینے۔ عورتوں کو حکم دیا گیا ہے پردہ کرنے کا لیکن ---"

"پردے کے احکامات میں عورتوں کی پابندی تو آپ کو یاد رہ گئی ہے مگر مردوں پر کیا حکم ہے؟ اس کو بھلا آپ کیوں یاد کریں۔ حکم دیا گیا ہے مردوں کو "ایمان لانے والے مردوں کو نظریں نیچی رکھنی چاہیئں۔""

"قسم خدا کی آج تو دماغ چاٹ کر رکھ دیا ہے میرا۔ بات کہاں سے شروع ہوئی تھی اور کہاں پہنچا دی۔ تمام لیکچروں کے باوجود ہمیں عملی رہنا پڑے گا اور میرے خیال میں اللہ کا نام لے کر اب "ہاں" کر ہی دینی چاہیئے۔ لڑکا بہرحال کسٹم ڈیپارٹمنٹ میں کام کرتا ہے ---"

محفل شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبارِ عنوان)

التفات

•

پنہاں کہ نظر میں ثبات و قرار ہے
من کا نہ دیکھنا مگر التفات ہے
— مومن

•

یہ مخلصانِ عشق بھی عجب ادا پرست ہیں
وہ مسکرا دیئے تو التفات کہنے آئے ہیں
— نشور واحدی

•

ہائے چشمِ التفات کے مارے ہوئے سنبھل
یہ حسنِ اتفاق ہے حسنِ نظر نہیں
— زائر لکھنوی

•

اللہ رے بے نیازیِ آدابِ التفات!
دیکھا مجھے تو پاسِ نظر درمیاں نہ تھا
— فانی

•

ان کے بہلائے بھی نہ بہلا دل
رائیگاں سعیِ التفات گئی
— جگر

•

اے التفاتِ یار مجھے سوچنے تو دے
مرنے کا ہے مقام کہ جینے کا ہے محل!
— عابد علی عابد

برف

اب کچھ بھی نہیں، کوئی بات نہیں
اب رات کی پھیلی شاخوں پر
اک بھی تو لرزتا پات نہیں
اک جھونکا تپتے صحرا کا
اس پیڑ سے آ ٹکراتا تھا
ہر پتہ شور مچاتا تھا
وہ جھونکا اب کس حال میں ہے
افلاک پہ ہے پاتال میں ہے
میں پیڑ کے نیچے گھٹنوں پر
کیوں سر رکھے تا دیر رہوں
اور اس کی سُندر چاپ سنوں
جو رات کو روتا چھوڑ گیا
اور خوشبو سے منہ موڑ گیا
اب دُھول سنہری بکھری ہے
اور چاند کی چاندی نکھری ہے
اور شبنم ہنسی اڑاتی ہے
وہ بانس کی کشتی میں بیٹھی
پوروں سے ٹپکتی جاتی ہے
اب کچھ بھی نہیں، کوئی بات نہیں
اک برف مسافت دُور تلک
اک ٹھہری ساعت دُور تلک

— وزیر آغا



افسانہ

شہناز احمد (سینٹ جانس)

سوزِ نہاں

نجانے اپنے خاندان میں مجھے غلط سوچنے کا شوق کہاں سے چڑ آیا تھا۔ جبکہ دیگر افراد کے نزدیک زندگی آزادی، خوش باشی اور لطف اندوزی کا دوسرا نام تھا۔ یہیں میں مقبول شعر کے میرا دھیان نہیں رہتا ہے۔ میں میری عادتوں سے تنگ تھے۔ میں بھائی جان بڑے چچا جان سبھی مجھے "سنجیدہ" کی مکھ میں رہتے۔ جہاں کہیں سب اکٹھے ہو جاتے مجھ پر جملے شروع ہو جاتے ہیں۔

"اے شمو! یہ تمہیں افسانے لکھنے کی لت کہاں سے پڑی۔" ثمینہ نے بڑی معصومیت سے پوچھا۔

"افسانے اور یہ ڈھنگ۔ رومانس کا نام نہیں۔" فرخ بولے۔ "جس خودسپاٹ ہیں اس سے زیادہ بیگم کا افسانے سپاٹ اور بے رنگ ہیں۔ یار راشد بھائی نے جلدی کی پیدا ہونے میں بیچاری ساجدہ آپا ماری گئیں۔ ورنہ ان بیگم کے لیے مولانا ٹھیک رہتے۔ جماعت اسلامی کو محاذ قلم کے دو سپہ سالار تو مل ہی گئے تھے۔ محاذ جنگ کے مجاہد بھی تیار رہتے۔"

قہقہوں میں کھلکھلاتے ہوئے سب لوگ ہنسی سے لوٹ پوٹ ہو گئے۔

"سچ فرخ بھائی! بڑا ترس آتا ہے بے چاری ساجدہ آپا پر۔ کیسی رنگیلی، چنچلی، ہنستی، گنگناتی سی ساجدہ آپا تھیں اور کیا قسمت پھوٹی ہے مولانا کے ساتھ۔ بارہ گز کا برقع اوڑھ کر ساری پھرتی ہیں اپنے ذہنیا سوچ کے لیے۔ اور اب تو بے چاری کا یہ عالم ہے کہ پالے اٹی شکل لگتی ہے" عارف ماموں نے افسردگی سے کہا۔

اس پر ایک اور فرمائشی قہقہہ پڑا۔

"مگر صاحب یہ ماننا پڑے گا کہ شمو قابل اور ذہین ہے راشد۔ مگر پڑ گیا غلط چکر میں۔ مذہب کا سودا دماغ میں سمایا ہے کہ اپنا سارا مستقبل تباہ کر لیا۔ خدا کی قسم اگر یہ اتنا قابل ہوتا تو اب تک سپر اسٹار منتخب ہو چکا ہوتا۔" فرخ نے بڑی حسرت سے کہا۔

موضوع غنیمت دیکھ کر روحی نے کروٹ کو گرلی اور عارف ماموں نے اس کی گردن پکڑ لی۔ "شیبا دیکھنا۔ بزرگوں کے ساتھ کھیل رہی ہو۔ سمجھیں؟"

"سوری ماموں! میں سمجھی بزرگ جیک پارکنگ میں مصروف ہیں تو بچوں نے ایک چھوٹی سی گوٹی ہی پار کر لوں۔ چھوٹی چھوٹی چیزوں سے اگر بالکل عادت ہیں کریں گے تو کیسے بڑی چیزوں تک پہنچیں گے۔" روحی بولی۔

"ڈیئر اس کے لیے اسمارٹ ہونا چاہیے شہریار بھائی کی طرح۔" میں کافی دیر سے خاموش بیٹھی بے ساختہ بول پڑی۔

"بہت خوب بی بی! اس کا مطلب ہے کہ تم بھی سب کچھ ہو" عارف ماموں نے میرے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے فرمایا۔

"یار واقعی اس میں شک نہیں۔ اپنے سارے خاندان میں شہریار بھائی کی ٹکر کا کوئی سمارٹ نہیں ہے۔" فرخ نے کہا جو آجکل کوئی مقابلہ جیتنے کے لیے ریس کے چکر میں تھے۔ چنانچہ ہر دولت مند آدمی انہیں نہایت قابل اور ذہین نظر آتا۔

"اور صوفیہ باجی جیسا خوش قسمت تو میرے خیال میں خاندان ہی میں کیا دنیا بھر میں کوئی نہ ہوگا۔ دنیا کی کونسی چیز ہے جو ان کے پاس نہیں ہے۔" ثمینہ نے ٹھنڈی آہ بھر کر کہا۔

"اللہ صوفیہ باجی تو اپنا بھرتا پانی بھی چاہیں کسی کو تو وہ بھی ان جیسا ہو جائے۔" فرزانہ بازی لے جانے کی کوشش میں تھیں۔

"تو یہ بی بی آپ یہاں کیوں بیٹھی ہیں جائیے صوفیہ بیگم کی نوکرانی کی جگہ کر لیجئے" عارف ماموں کو بہت افسوس تھا کہ صوفیہ سے ان کی شادی نہ ہو سکی اور شہریار اپنی ذہانت اور دولت سے اکیلا مات دے گیا۔

"اللہ اس میں کوئی شک نہیں بیوٹی پارلر کی ہر شادی میں لوگ صوفیہ باجی سے دلہن کے ہاتھ پر مہندی رکھواتے تھے تاکہ دلہن کا نصیب بھی ان جیسا ہو جائے۔"

"اچھا اسی بات ہے تو صوفیہ باجی سے کہنا کہ تمہاری شادی میں تمہارے ہاتھ پر صرف مہندی ہی نہ رکھیں بلکہ تمہیں دلہن بھی بنائیں۔ یہ تمہارے دولہا کی آرزو ہے۔" جواد جو اتنی دیر سے بڑی مہارت کے ساتھ ہوائی باتیں کرنے میں مشغول تھا بڑی سنجیدگی سے بولا اور فرزانہ وہاں سے بھاگ کر بھاگی۔

"یار حد کرتے ہو تم نے تو مذاق ہی مذاق میں پیام دے ڈالا۔" فرخ بولے جنہیں اپنی مردانگی پر تو بڑا ناز تھا مگر اتنی آزادی کے باوجود ان کی زبان آج تک روحی کے سامنے نہیں کھل سکی تھی۔

"مگر یہ کیا بات ہوئی تھی کہ اس دن افروزہ آپا کی شادی میں صوفیہ باجی باوجود اصرار کے دلہن کے ہاتھ پر مہندی نہیں رکھی تھیں۔" میں نے ثمینہ سے پوچھا۔ نجانے کیوں مجھے اچانک افروزہ آپا کی شادی کا منظر یاد آ گیا۔

"ارے نہیں وہ بات یہ تھی کہ صوفیہ باجی وہاں ذرا دیر سے پہنچیں۔ تب تک ساجدہ آپا دلہن کے ہاتھ پر مہندی رکھ چکی تھیں۔ سالوں ساجدہ آپا آگے بڑھی تھیں کہ صوفیہ باجی آگئیں۔ تب تائی اماں نے ساجدہ آپا کو روک دیا کہ اب صوفیہ آگئی ہیں وہ رکھیں گی۔ مگر صوفیہ باجی ساجدہ آپا کا دل نہیں توڑنا چاہتی تھیں اسلئے وہ انکار کر رہی تھیں۔" ثمینہ نے پورا منظر کھینچا۔

"مگر ثمینہ وہ تو کہہ رہی تھیں کہ ساجدہ تم بڑی خوش قسمت ہو تم رکھو۔ اور یاد ہے اس پر چھوٹی ماں نے ہنس کر کہا تھا کہ خاندان میں ایک ہی مولوی کافی ہوتا ہے۔ کیوں بے چاری افروزہ کو بھی ڈبونا چاہتی ہو۔ اور اس وقت کا صوفیہ باجی کا چہرہ میری نظروں میں گھوم گیا۔ کتنی سنجیدہ تھیں وہ اور کس قدر اصرار سے وہ ساجدہ آپا سے کہہ رہی تھیں کہ ساجدہ تم بہت خوش قسمت ہو۔ میں ان کے قریب کھڑی یہ سب سن رہا تھی۔ صوفیہ باجی مجھے بے حد پسند تھیں لیکن کسی کی دولت نے مجھے کبھی مرعوب نہیں کیا۔ اسی لیے خواہش رکھتے ہوئے بھی میں ان سے کبھی بات نہ کر سکی تھی۔ وہ میری پھوپھی زاد بہن تھیں۔ مگر ان کی دولت و ثروت سے پورا خاندان اس قدر مرعوب تھا کہ بلاوجہ ایک تصوراتی خلوص بنا دیا گیا تھا۔ چنانچہ میرے اور ان کے درمیان ایک فاصلہ سا تھا۔ مگر اس دن افروزہ آپا کی شادی پر بے ساختہ میرے دل نے چاہا کہ صوفیہ باجی سے ملوں۔ اور دوسرے دن میں بے اختیار ان کے گھر چلی گئی۔ وہ اسی محبت سے مجھ سے ملیں کہ میں حیران رہ گئی۔

"شمو! تم سے ملنے کو میرا دل بہت چاہتا تھا۔ مگر مصروفیات کی وجہ سے موقع نہ مل سکا۔ تمہارے افسانے بہت اچھے لگتے ہیں۔" انہوں نے بڑی سادگی اور پیار سے کہا۔

"صوفیہ باجی! آپ میرے افسانے پسند کرتی ہیں جبکہ سارے خاندان میں کوئی انہیں پڑھنا تک گوارا نہیں کرتا سوائے راشد بھائی کے جو میری ہمت افزائی کرتے رہتے ہیں۔ اور راشد بھائی اتنے عظیم انسان ہیں کہ کسی کا دل نہیں توڑنا چاہتے۔ شاید اسی لیے میری تعریف کر دیتے ہوں۔"

"نہیں شمو! تمہارے افسانے واقعی قابل تعریف ہیں۔ اور مجھے یقین ہے کہ راشد بھائی غلط نہیں کہہ سکتے۔"

"کیا آپ بھی راشد بھائی کے متعلق ایسی رائے رکھتی ہیں؟" ایک مرتبہ پھر مجھ پر حیرت طاری ہو گئی۔

"بالکل وہی جو تم انہیں سمجھتی ہو۔ مجھے بہت خوشی ہوئی ہے کہ افسانوں کے قدر دان بھی اس دنیا میں موجود ہیں۔"

"اللہ صوفیہ باجی آپ کے خیالات تو بہت ہی اچھے ہیں۔" میں بے اختیار بول پڑی۔

"ہاں شمو! بات یہ ہے کہ میرے خیالات اچھے ہو کر بھی کسی کے لیے سود مند نہیں ہیں۔ اپنے افکار سے میں خود کو یا دوسروں کو بہرہ مند نہ کر سکوں تو ان کا فائدہ ہی کیا! میں آزاد نہیں محبوس ہوں اپنے اطراف بنے ہوئے خوبصورت رنگین حصار میں۔ لیکن مجھے خوشی ہوئی ہے تمہارے خیالات پڑھ کر۔ اللہ میاں نے تمہیں یہ صلاحیت دی ہے لہٰذا تم اس سے پورا فائدہ اٹھانا۔ افسانوں کو ہمیشہ ان کے دلوں میں جھانکنا، ان کے دکھ درد کو تلاش کر کے اسے دور کرنے کی کوشش کرنا۔ ریشم و اطلس، ہیرے و جواہر میں الجھ کر ان کے پیچھے چھپی گندی خواہش میں کبھی نہ پھنسنا۔ اپنی روح کو پاک اور مطمئن رکھنا۔ اپنے جسم کو غلط و ناجائز سے بچانا۔ انسانوں کی قدر کرنا، سکون کو مت پوچھنا، شرافت کو تلاش کرنا میری بہن چاہے وہ کسی پھٹے پرانے حال میں نظر آئے۔ ان اونچے محلوں اور ستونوں والے محلوں کی طرف نگاہ غلط بھی مت ڈالنا۔ کیونکہ یہ بہت ہی سنگین اور ظالم ہوتے ہیں اور ان میں بسنے والے انسان، انسان نہیں درندے ہوتے ہیں۔ جو ریشمی پوشاک میں اپنے آپ کو چھپائے رکھتے ہیں۔" صوفیہ باجی کی آواز لرز رہی تھی۔ آنکھوں سے آنسو موتیوں کی طرح بہہ رہے تھے۔ اور مجھے جیسے سکتہ سا ہو گیا تھا۔

"شمو! تمہیں کیا پتہ ہے کہ میں کتنی بد قسمت ہوں اور کتنی زخم خوردہ ہوں۔ کوئی بھی تو میرے اندر جھانک کر میرے دکھ دیکھنے کی کوشش نہیں کرتا۔ سب کی نگاہیں میرے خوبصورت سراپے اور قیمتی لباس سے ہی پلٹ کر چلی آتی ہیں۔ کوئی بھی تو میرے قریب آنے کی کوشش نہیں کرتا۔ سب ان چمک اور دمک کی بنی ہوئی چیزوں سے مسحور ہو کر رہ جاتے ہیں۔ آج دس سال بعد جب تم میرے پاس آئی ہو تو مجھے اپنے دل سے اس قدر قریب محسوس ہو رہی ہو کہ تمہارے سامنے دل کی بھڑاس نکالنا چاہتی ہوں۔ آج تمہیں سب کچھ بتا دوں گی۔ کیونکہ مجھے پتہ ہے کہ تمہیں مادی چیزوں سے نہیں انسانوں سے دلچسپی ہے۔ تو شمو! سنو کہ شہریار نے مجھے دنیا کی ہر دولت دے کر میری روح لہولہان کر دی۔ ان کے نزدیک عورت نام کی کوئی چیز اہمیت نہیں رکھتی۔ انہیں بیوی صرف پارٹیوں اور دوسرے کاروبار کی تکمیل کیلئے چاہیئے۔ نجانے کتنی عورتیں ان کی بیویاں ہیں اور کتنے بچوں کے وہ باپ ہیں۔ یہ میرے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔ لوگ صرف یہ جانتے ہیں کہ وہ بڑے ذہین، اسمارٹ اور قابل آدمی ہیں۔ جانے کتنے لوگ ہیں جو ان جیسا بننے کی کوشش میں سرگرداں ہیں۔ اور یہ سچی صاحب کردار، صاحب ضمیر اور صاحب ایمان ہے اس کا سب مذاق اڑاتے ہیں۔ اس پر پھبتی کستے ہیں۔ اسے طعنے دیتے ہیں۔ اس کی میری بچوں سے ہمدردی کرتے ہیں۔ کیا صرف اس لیے کہ وہ غریب ہے۔ اس نے ناجائز دولت کے ڈھیر اسے اور اپنی بیوی بچوں کے عیش کے لیے نہیں لگائے اس نے اپنی قابلیت، ذہانت اور صلاحیت کو دنیا کے لیے نہیں بلکہ دین کی خدمت کیلئے وقف کر دیا۔ جو اچھا بیوی کو جا سجا کر غیروں کے سامنے نہیں لے گیا بلکہ محفوظ ستون بنا کر اس پر پیار کی چادر تان دی۔ مگر لوگ اس کی قدر کب کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک تو دولت ان کا خدا، دولت ان کا ایمان اور دولت ان کا مقصد حیات ہے۔ شمو! یہ کیا تضاد ہے۔ کیا ہم مسلمان ہیں۔ کیا ہمارا دین یہی کہتا ہے۔ کیا اخلاق اور اصول یہی ہوتے ہیں۔ شمو! میں تمہیں اپنی ناکام آرزو سناتے دیتی ہوں کہ کاش! مجھے بھی راشد بھائی جیسا شوہر ملتا۔ اور اب کاش کوئی ایسا معجزہ ہو جائے کہ شہریار، راشد بن جائیں میں ان سب چیزوں کو اپنے ہاتھوں سے جلا دوں گی۔"

روتے روتے ان کی ہچکی بندھ گئی تھی۔ میں نے انہیں اپنے آنسو پونچھتے ہوئے گلے سے لگا لیا۔ "تم نہ گھبراؤ صوفیہ باجی! کچلے ہوئے دل اور زخم خوردہ پاکیزہ روحیں ہی اللہ کے نزدیک زیادہ عزیز ہیں۔ صوفیہ باجی! آپ کتنی عظیم ہستی ہیں۔ اللہ کیا جانے آپکو ان خیالات و تصورات کے ساتھ ہم بھی غلط کرتے ہیں۔ سب سے آپ تاریکیاں دور کر کے اجالے بکھیرئیے اور غفلت میں ڈوبے ہوئے لوگوں کو پتہ چلے کہ ایک عظیم و پاکیزہ دولت دیکھ کر یہ ایڈیشل معاشرہ کہاں لے جا رہی ہے۔"



ہما اور شمو شمیم خواجہ

یہ بچوں کا سال ہے!

اس لیئے

"کریسنٹ" میں بچوں کی تصاویر شائع کی جا رہی ہیں۔ خواہشمند بہنیں بھی اپنے بچوں کی تصویریں بھیج سکتی ہیں ———— (ادارہ)

کرسینٹ انٹرنیشنل

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ٥

سنو! جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے۔

ہم خیر مقدم کرتے ہیں مگر ـــــ جی ایم سید!

حکومت نے بیگم نصرت بھٹو اور آنسہ بے نظیر کو رہا کر دیا ہم اس کا خیر مقدم کرتے ہیں کیونکہ بلا الزام ایسی انتظامی نظربندی کی اصولی طور پر حمایت نہیں کی جا سکتی کہ جس میں نظربند کو آگاہ بھی نہ رہنے دیا جاتا اور اسے کسی عدالتی عمل سے بھی نہ گزارا جائے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ بیگم نصرت اور آنسہ بے نظیر کی رہائی سے ملک میں سیاسی کشیدگی کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ مگر ہمارے اس توقع کا بیشتر انحصار خود ان دونوں خواتین کے طرز عمل پر بھی ہوگا۔

تمام اہل وطن کی خواہش ہے کہ انتخابات تک ملک میں فضا خوشگوار رہے اور اس میں کسی طرح کی کشیدگی اور تناؤ نہ رہے۔ کیونکہ کشیدگی اور تناؤ کی فضا میں انتخابات ہوں تو رائے دہندگان کے فیصلے پر جذبات غالب آجاتے ہیں اور جذباتی فیصلے بیشتر موقعوں میں مثبت نتائج پیش نہیں کرتے۔ ہماری خواہش ہے کہ بیگم نصرت بھٹو اور ان کی بیٹی ٹھنڈے دل سے ملکی سیاست میں اپنے شوہر اور باپ کی غلطیوں کا تجزیہ کر کے ان کے نتائج پر غور کریں۔ یہ نتائج ملک اور خود بھٹو خاندان کے حق میں یقیناً اچھے نہیں رہے۔ جمہوری ملکوں میں سیاست جمہور کی بہبود کے اصول پر چلائی جاتی ہے۔ خاندانی رقابتوں، ذاتی عداوتوں، گروہی و جماعتی رنجشوں کا حساب اور بدلہ چکانے کے لئے نہیں چلائی جاتی۔ انتقامی سیاست افراد، جماعتوں، اداروں، ملکوں اور قوموں کے لئے یکساں طور پر تباہ کن ہوتی ہے۔ بھٹو صاحب نے سیاست کا یہ اسلوب اپنا کر اپنے اور ملک کے حق میں جو نتائج پیدا کئے وہ سب کے سامنے ہیں۔ آئندہ یہ اسلوب سیاست اور یہ نتائج دہرانے کی غلطی کسی کو نہ کرنی چاہیئے۔ اسی میں سب کی عافیت ہے۔ ہماری خواہش ہے کہ بیگم نصرت بھٹو اور آنسہ بے نظیر صحیح سوچ اور فکر اختیار کر کے پاکستان کی سیاست میں مثبت کردار ادا کریں۔ اگر یہ دونوں خواتین ایسا نہ کر سکیں تو نتائج انکے اور ملک دونوں کے حق میں یکساں طور پر ہلاکت خیز ہوں گے۔

ہم جہاں بیگم نصرت بھٹو اور آنسہ بے نظیر کی رہائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہیں۔ وہاں اس امر پر حیرت کے اظہار سے گریز نہیں کر سکتے کہ آخر سندھ کے معمر سیاستدان جی ایم سید صاحب کو اب تک مسلسل نظربند رکھنے کا کیا جواز ہے۔ ہم ان کالموں میں اس سے قبل بھی متعدد بار ان کی رہائی کا مطالبہ کر چکے ہیں اور اب پھر ان کی رہائی کے مطالبے کا اعادہ کرتے ہیں۔ بلا الزام پیرانہ سالی کی نظربندی بے جواز بھی ہے اور بے انصافی کا مظہر بھی۔ ہمیں امید ہے کہ صدر جنرل محمد ضیاء الحق اور گورنر سندھ لیفٹیننٹ جنرل ایس ایم عباسی ہمارے اس مطالبے کی پذیرائی کا اہتمام کریں گے۔

ناطقہ سر بہ گریباں ہے!

صوبہ ٔ اقتدار و سیاسی جماعت پاکستان نیشنل پارٹی کے سربراہ جناب غوث بخش بزنجو نے گذشتہ روز اپنی پارٹی کے تاسیسی کنونشن کے افتتاحی اجلاس میں اپنے گمان میں بڑی "رجعت شکن" اور "انقلاب افروز" تقریر فرمائی ہے۔ ان کے فرمودات تفصیل کے ساتھ تجزیہ طلب ہیں جس کی فرصت آج ان کالموں میں نہیں ہے۔ ہم تفصیلی اظہار خیال کو کسی اگلی فرصت تک ملتوی رکھتے ہوئے بزنجو صاحب سے صرف اتنا کہیں گے کہ وہ اپنی پارٹی کے منشور اور اپنی تقریروں میں مطابقت رکھیں ان کے بارے میں پہلے بھی یہی شکایت رہی کہ وہ ایسی باتیں کیا کرتے ہیں جن کا ان کی پارٹی کے منشور یا دستور میں ذکر نہیں ہوتا۔

ان کی تقریر سے ایک روز قبل پارٹی کے سیکریٹری جنرل جناب قسور گردیزی نے پارٹی کا جو منشور جاری کیا ہے اس میں نوکرشاہی کے اثرات سے آزاد عدلیہ کی نگرانی میں آزادانہ منصفانہ انتخابات کو پارٹی کا مطمح نظر بتایا گیا ہے کہ قومی و صوبائی اسمبلیاں ایک آدمی ایک ووٹ اور بالغ حق رائے دہی کے اصول پر وجود میں لائی جائیں گی۔ اپنی تقریر میں بزنجو صاحب نے کہا ہے کہ افغانستان کا انقلاب پاکستان کا بھی نجات دہندہ ہے اور ہم پاکستان میں افغانستان کی طرز کا انقلاب لا کر رہیں گے۔ ہمارا راستہ وہی ہوگا تو خون ہوگا۔ ہم پوچھتے ہیں کہ منشور کی سیاہی خشک ہونے سے قبل ہی اس کی تردید کیوں کر دی گئی۔ کیا منشور میں دیئے گئے طریق کار اور تقریر میں بتائے گئے طرز عمل میں کوئی مطابقت ہے؟

ایک روز قبل مشتہر کئے جانے والے منشور میں کہا گیا ہے کہ امور خارجہ کے معاملے میں پاکستان نیشنل پارٹی بین الاقوامی معاہدوں کی منسوخی کے ساتھ عدم وابستگی اور غیر جانبداری کی پالیسی کی حمایت کرے گی اس اصول کے مطابق کیا بزنجو صاحب نے انقلاب افغانستان اور افغان حکومت کی پرجوش حمایت سے پہلے یہ یقین حاصل کیا ہے کہ ان کا کسی بڑی طاقت سے دوطرفہ فوجی معاہدہ نہیں ہے۔ کیا روسی فوجی ماہرین اور جرنیلوں کا کسی ملک میں ہتھیار، روسی ہوابازوں کا دوسرے ملک میں طیاروں کے ذریعے بیم برسانا اور روسی اسلحہ اور فوج پہنچانا اس ملک کی وابستگی ظاہر نہیں کرتا اگر آپ عدم وابستگی کا اصول اپنانے پر اصرار کرتے ہیں تو افغانستان کی روس سے جبری وابستگی کو نظرانداز کر کے پاکستان میں افغانستان کے سے انقلاب کو مطمح نظر کیوں باور کراتے ہیں۔ کیا یہ بات خود آپ کی جانبداری نہ سوچ اور آپ کے روسی ایجنٹ ہونے کا اظہار نہیں ہے۔؟

میر غوث بخش بزنجو نے کہا کہ فوجی جنتا ہماری ملازم ہے اسے عوام پر حکومت کرنے کا کوئی حق نہیں۔ بالکل درست ہے ہمیں بزنجو صاحب سے سو فیصد اتفاق ہے مگر وہ اسی بنیاد پر افغان انقلاب کی مذمت کیوں نہیں کرتے۔؟ افغانستان میں بھی فوجی جنتا نے اسی طرح داؤد کا تختہ الٹا جس طرح پاکستان میں فوج نے بھٹو کا تختہ الٹا۔ پاکستان میں بھی انتخابات نہیں ہوئے۔ افغانستان میں بھی نہیں ہوتے۔ پاکستان میں تو انتخابات کے وعدے سے بھی دستبردار نہیں ہوئی۔ تاریخ مقرر ہو چکی ہے۔ اس کے مقابلے میں افغانی فوجی جنتا نے بلا انتخاب اور عوام کی مرضی معلوم کئے بغیر اقتدار نور محمد ترہ کئی کے حوالے کر دیا اور اس غیر منتخب اور غاصب حکومت نے ایک بیرونی بڑی طاقت سے معاہدہ کر کے اس کی فوجی امداد ... [illegible] ... غلامی کو رجعت پسندی والی حرکت نہیں؟ غوث بخش بزنجو ایک طرف جمہوریت پسند ہونے کا دعویٰ کرتے اور اپنی اس جمہوریت پسندی کے حوالے سے اپنی فوجی جنتا کو ڈانٹتے ڈپٹتے اور اس کی تضحیک کرتے ہیں مگر دوسری طرف غاصب فوجی جنتا کا اور دیتیوں کے نتائج کو جمہوری کی سمجھتے ہیں اور اسے پاکستان کے لئے قابل رشک اور لائق تقلید بھی گردانتے ہیں۔

ناطقہ سر بہ گریباں ہے اسے کیا کہیئے



اے نظام مصطفیٰ کے ترجمانو۔ ہوشیار

سرخرو بزم جہاں میں حق تمہارے دم سے ہے ۔۔۔ اہل حق کی بزم میں رونق تمہارے دم سے ہے
آج کل باطل کا چہرہ فق تمہارے دم سے ہے ۔۔۔ سازشوں سے اے حرم کے پاسبانو۔ ہوشیار

اے نظام مصطفیٰ کے ترجمانو۔ ہوشیار

رہنمائی کے علمبردار گمراہوں میں ہیں ۔۔۔ سازشوں کے جال پھیلائے ہوئے راہوں میں ہیں
دوستوں کے بھیس میں دشمن کمیں گاہوں میں ہیں ۔۔۔ ملک و ملت کے حقیقی حکمرانو۔ ہوشیار

اے نظام مصطفیٰ کے ترجمانو۔ ہوشیار

ہاتھ یہ کہتے ہوئے بس دل کو ہوتا ہے قلق ۔۔۔ بت شکن دینے لگے ہیں بت پرستی کا سبق
کیا قیامت ہے کہ ہیں حق سے گریزاں اہل حق ۔۔۔ کشتیٔ فکر و نظر کے بادبانو۔ ہوشیار

اے نظام مصطفیٰ کے ترجمانو۔ ہوشیار

شکر ہے روشن ہوئے ہیں لالہ و گل کے چراغ ۔۔۔ جس سے معمور و معطر ہیں عنادل کے دماغ
سینۂ باطل ہے لیکن سوز غم سے داغ داغ ۔۔۔ اس چمن کے پھولے پھلے چمن کے باغبانو۔ ہوشیار

اے نظام مصطفیٰ کے ترجمانو۔ ہوشیار

ابر رحمت بن کے پھر دنیا پہ چھانا ہے تمہیں ۔۔۔ حق کے ہر دو راہ پر بن کر جگمگانا ہے تمہیں
از سر نو بزم ہستی کو سجانا ہے تمہیں ۔۔۔ ہوشیار، اے سرِّ حق کے رازدانو۔ ہوشیار

اے نظام مصطفیٰ کے ترجمانو۔ ہوشیار

ضبط سہارنپوری

۵/۷ ہاشم رضا روڈ۔ ماڈل کالونی کراچی ۲۷

خوشبوئے تصوف

یورپ کے موجودہ سیاسی دور سے پہلے وہاں عیسائیت کا دور تھا، جس کا سارا زور نفس کشی اور اگلی دنیا پر تھا۔ اس کے بعد مادیت کا دور آیا جس میں سارا زور اس دنیا اور نفس پرستی پر ہے۔ ایشیا اور افریقہ پر یورپ کے سیاسی تسلط کے باعث یورپی مادیت کا اثر ساری دنیا پر پڑا۔ آہستہ آہستہ حواس ظاہری کی گرفت میں نہ آنے والے حقائق مثلاً توحید و آخرت، سے انکار یا ان سے بے اعتنائی جدید یورپی تہذیب کا جزو بن گیا۔ مارکسزم، مادیت ہی کی انتہائی صورت ہے اور اس کی بنیاد توحید و آخرت سے انکار ہے۔ اب دنیا مادیت سے بیزار ہو چکی ہے اور آہستہ آہستہ محسوس کر رہی ہے کہ مادی آسائشیں ہی سب کچھ نہیں۔ سویڈن میں جہاں کی حکومت عوام کی ضروریات کی سب سے زیادہ کفیل ہے، خودکشی کی وارداتیں سب سے زیادہ ہوتی ہیں۔ یو۔ این۔ او کی رپورٹ کے مطابق امریکہ میں جو خوشحال ترین ملک گنا جاتا ہے، ہر سال پچاس ہزار افراد خودکشی کے مرتکب ہوتے ہیں۔

اب دنیا اسلام کے قریب آ رہی ہے، کیونکہ اسی میں دنیا و آخرت، عقل و عشق اور مادیت و روحانیت کا نہایت حسین، شاندار اور قابل عمل امتزاج ہے۔ مگر اسلام پر زور سے ایک طرف اہل ظاہر میں فروعی اختلافات کی کشمکش بڑھی ہے، تو دوسری طرف اہل باطن میں پھر سے "ہمہ اوست" (سب خدا ہے) اور سب مذاہب سچے ہیں، جیسی باتیں شروع ہو گئی ہیں۔ اس رجحان کی مثال یہی چھپنے والی کتابیں ہیں جن میں سے کچھ فقرے ملاحظہ ہوں: "اے عزیز! عاشق کے نفس نے شیطان ہی سے حسن حاصل کیا ہے۔ یعنی اصل میں (اللہ کے) عاشق کا لفظ اسی پر ٹھیک بیٹھتا ہے" ... "وصل جاناں ..." ... "ایسی حالت کے فقیر ہر وقت نماز میں رہتے ہیں، گو ظاہر میں نماز نہ پڑھیں" ... یہ بھی چاہیئے کہ حضور کی شریعت ... بھی ایسا لازم ملک ہے، جس کے ... [illegible]

دنیا کی چال

چال دنیا کی تمہیں محسوس ہو دشوار ہے!
جو زمیں چلتی ہے تیزی سے گر اس کی لپک
دل کھچ کر دشمن ہیں ان کے شوق میں ...
جان کا مالک ہے جو اس سے نظر ... [illegible]

دفاع اور ترقی قوم کے دو بڑے مسئلے ہیں۔ صدر ضیاء الحق

مسلح افواج کے افسروں کو اعلیٰ تعلیم سے بہرہ ور ہونا چاہیے اور سول سروس کے افسروں کو قومی دفاع کے مسائل سے بھی باخبر ہونا چاہیے

بھٹو کے چہلم پر

پاکستان مخالف نعرے

لگائے گئے تھے: ملک خان کا اعتراف

ایسے نعروں سے ملک کو نقصان پہنچے گا



ستارا مسیح نے

بھٹو کی انگلی سے قیمتی

انگوٹھی اتار لی تھی

بھٹو کی پھانسی کے خلاف ہنگامے منظم سازش تھے

کنٹونمنٹ علاقوں میں کچی آبادیوں کو باقاعدہ بنانے کا فیصلہ

پاکستان کے ایٹمی پروگرام کے بارے میں امریکی خدشات بے بنیاد ہیں

امریکہ کے متعدد صنعت کاروں کی طرف سے پاکستان میں سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار

پیپلز پارٹی سے مشترکہ پروگرام پر اتحاد ہو سکتا ہے: بزنجو

انتخابات میں صوبائی خود مختاری کے مسئلہ کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا

افغان مہاجرین کے لئے چندہ کیوں جمع کیا جا رہا ہے! — جوابی مہم چل سکتی ہے



مولانا مودودی ورزش کر رہے ہیں

حکومت نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے

ملک میں سرمایہ کاری کے طریقہ کار کو آسان


بنانے کے اقدامات کی منظوری دے دی

پاکستان رائٹرز گلڈ کی سالانہ تقریبات میں ادبی انعامات کا اعلان کر دیا گیا

عطاء الحق قاسمی، پروین شاکر، فاروق احمد اور رحیم گل نے آدم جی انعام حاصل کیے



پروین شاکر



پولیس اندرون سندھ قوم اور اسلام کے ساتھ سنگین مذاق کر رہی ہے مولانا عباسی



کلفٹن کراچی میں منگل کو بے نظیر صاحبہ پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے ہمراہ (تصویر جسارت)

کارکنوں کی خواہش پر ملک کی آئندہ وزیر اعظم بننے کیلئے تیار ہوں: نصرت بھٹو

بھٹو نے آخری ملاقات میں سیاسی جدوجہد جاری رکھنے کی ہدایت کی تھی

پھانسی پر چڑھنے سے پہلے اپنے بے گناہی کا اعلان کیا تھا

اسلام دوست جماعتوں کا اتحاد ہی اسلامی قوانین کے نفاذ کا ضامن ہے

مارشل لاء کے خلاف نعروں پر کوڑوں کی سزا ملتی ہے مگر اسلام کی توہین پر نہیں

دشمن اسلام کے تجربے کو ناکام بنانے کی سازش کر رہے ہیں۔ علی میر شاہ



"بھٹو بھارت کا عظیم دوست تھا"

اندرا گاندھی جلسے میں بھٹو کے ذکر پر رو پڑیں



میرا یا میری والدہ کا ملک چھوڑنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے: بے نظیر

بھٹو کا آخری پیغام کسی جلسہ عام کے ذریعے عوام تک پہنچانا چاہتی تھی

پیپلز پارٹی برسر اقتدار آگئی تو مالکان کو واپس کئے گئے کارخانے کارکنوں کے حوالے کر دیگی

پارٹی کے لیڈر اور وزراء بھٹو کی موت کے ذمہ دار ہیں، کارکنوں کا الزام

این ڈی پی کے منحرفین نے نئی سیاسی جماعت بنالی: بزنجو صدر ہو گئے

پاکستان نیشنل پارٹی کے آئین، منشور اور پروگرام کی منظوری، ڈیڈک کے گل خان نصیر سیکرٹری جنرل منتخب کر لئے گئے

پاکستان سے ایسے تعلقات قائم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے جن میں پاسپورٹ یا ویزا کی ضرورت ہی نہ پڑے

ڈیسائی

اسلام پسند جماعتوں کو بزنجو کی دھمکی کا نوٹس لینا چاہیے: میاں طفیل

افغان عوام غیر ملکی استبداد سے نجات حاصل کر کے رہیں گے

بیرون ملک جانے والے سیاستدانوں کو عوام کا سامنا کرنے کا حوصلہ نہیں ہے: نظیر

شاد تمکنت اور خلیق انجم جامعہ کراچی میں

لاہور میں طلبہ پر پولیس کا وحشیانہ لاٹھی چارج۔ ۵۰ طلبہ زخمی ۹۱ گرفتار

پولیس نے مسلم مسجد کے سانحے کی یاد تازہ کر دی ہے

چوہدری اسلم سلیمی، فرید پراچہ اور دیگر رہنماؤں کا شدید ردعمل

طلبہ کے ساتھ زیادتی پر دو ڈرائیوروں اور ان کے دو ساتھی گرفتار، مشتعل طلبہ نے پتھراؤ کر کے دو بسوں کے شیشے توڑ دیئے

ردعمل

جماعت اسلامی پاکستان کے اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل چوہدری محمد اسلم سلیمی نے دیال سنگھ کالج کے طلبہ پر پولیس کے وحشیانہ لاٹھی چارج اور لاتعداد طلبہ کی گرفتاری پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ...

لاہور ۔۔۔ (نمائندہ جسارت) گورنمنٹ دیال سنگھ کالج کے طلبہ پر پولیس کے لاٹھی چارج سے آج تقریباً پچاس طلبہ زخمی ہو گئے ...




پولیس دیال سنگھ کالج کے طلباء کو گرفتار کر کے لے جا رہی ہے

۱۹۶۵ء کی جنگ میں پاکستان کی بکتر بند فوج کا حملہ ناکام رہا تھا

مشرقی پاکستان میں متعین پاک فضائیہ نے حیرت انگیز کارنامہ انجام دیا: اصغر خان

کراچی ۔۔۔ (اسٹاف رپورٹر) تحریک استقلال کے سربراہ ریٹائرڈ ایئر مارشل محمد اصغر خان نے ۱۹۶۵ء کی پاک بھارت جنگ کے بارے میں اپنی کتاب "فرسٹ راؤنڈ" میں لکھا ہے کہ اس جنگ میں پاکستان کی بکتر بند فوج ناقص منصوبہ بندی کی وجہ سے ناکام رہی ...



لاہور میں طلباء کے ہنگامے ختم ہو گئے، راولپنڈی میں تمام طلباء رہا کر دیئے گئے

طلباء مظاہرے کرنے کی بجائے مذاکرات بھی کر سکتے تھے: سرکاری ترجمان

سیالکوٹ میں مزید ۹ طلباء کو گرفتار کر لیا گیا، گوجرانوالہ میں طلباء نے احتجاجی جلسہ کیا

کالجوں میں صورت حال معمول پر آ گئی

جامعہ کے قابضین کی طرف سے مذاکرات کی دہائی

اسلامی جمعیت طلبہ کے زیر اہتمام عظیم الشان جلسہ

تالپور اور جاوید ہاشمی نے استعفیٰ نہیں دیا

کشمیری عوام کے حق خود اختیاری کے لیے عالمی برادری کی تمام تحریکیں اپنا رخ ... کریں


بھارت کشمیری مسلمانوں کو اقلیت میں بدلنے کی کوشش نہ کرے

جسم ممالک کو ایٹمی ٹیکنالوجی حاصل کرنے کا حق حاصل ہے

[illegible]

عراق پاکستان کو غیر جانبدار تحریک کا رکن بنانے کی حمایت کرے گا

کراچی — ... [illegible]



علیگڑھ یونیورسٹی ناسور ہے جواب پھر زہر گھول رہی ہے

اس کی مکمل تطہیر کے بغیر ملک میں حقیقی امن قائم ہی نہیں ہو سکتا، بلراج مدھوک

وزیر اعلیٰ یوپی اس زہر کے درخت کو ختم کرنے میں پہل کریں جن سنگھ کے رہنما کی اپیل

نئی دہلی — ... [illegible]

پاکستان افغان مہاجرین کی دیکھ بھال پر ۹ کروڑ روپے خرچ کر چکا ہے: ترجمان

۵۵ ہزار مہاجرین حکومت سرحد کے پاس نام درج کرا چکے ہیں۔ چترال، باجوڑ اور تربیلا میں کیمپ قائم ہیں

مہاجرین کو پاکستان میں فوجی تربیت دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا

پاکستان دوسرے ملک کے معاملات میں مداخلت نہیں کرے گا، مہاجرین کی آمد کو روکنا ناممکن ہے

پشاور — ... [illegible]

پیرزادہ کے خلاف بھٹو کا قرطاس ابیض حکومت کے ہاتھ لگ گیا

[illegible]

ہفت روزہ زندگی لاہور

پیپلز پارٹی میں بھٹو کے بعد کون؟



[illegible]

پاک افغان جھگڑے میں روس محض تماشائی نہیں بلکہ ایک فریق ہے

چین اور پاکستان گرفتار شدہ ڈاکوؤں اور دہشت پسندوں کو مشترکہ طور پر تربیت دے رہے ہیں

[illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کریسنٹ

ٹورانٹو کنیڈا

ہیر روزہ انٹرنیشنل

اسلامی اقدار و بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد: ۸ | ۱۹ رجب ۱۳۹۹ھ | ۱۵ جون ۱۹۷۹ء | شمارہ: ۷

صدر ترہ کی کابل سے فرار خاندان ماسکو پہنچ گیا

اعلیٰ سرکاری حکام کے اہل خاندان بھی روس چلے گئے افغان حکومت کے تمام اہم دفاتر کابل سے باہر فوجی اڈوں کے قریب منتقل کئے جا رہے ہیں

کابل کے قریب مجاہدین [illegible]

مجاہدین نے روسی ساخت کے ۳ مگ لڑاکا طیارے مار گرائے ۔ سڑکیں کاٹ دیں ۔ ۳۰۰ فوجیوں کے دستے کا صفایا ۔ غزنی اور ہرات میں متعدد ٹینک گاڑیاں ، اسلحہ اور گولہ بارود برآمد

روس نے افغانستان کو افرادی قوت اور اسلحہ کی سپلائی تیز کر دی

روسی سفیروں کی تعداد ساڑھے تین ہزار ہو گئی ۔ مجاہدین کے علاقوں پر فوج کی بمباری

لندن — [illegible]

ہم موجودہ حکومت کے مظالم کے بارے میں قرطاس ابیض شائع کریں گے

کارکن متحد رہیں ۔ عنقریب انہیں لائحہ عمل دے دیا جائے گا : بے نظیر بھٹو

کراچی — [illegible]

جلیجون رام کی صاف گوئی

[illegible]

پاکستان اور امریکہ کے درمیان اختلافات جلد یا بدیر ختم ہو جائیں گے ۔ صدر ضیاء

(اختلافات دو جمہوریتوں کے بہتر تعلقات ختم نہیں ہوتے ۔ بین الاقوامی تعلقات میں دوستی کی نہیں امن کی اہمیت ہوتی ہے [illegible] امریکی ناظم الامور کے استقبالیہ میں خطاب)

میرا ملک پڑوسیوں سے پرامن تعلقات کے لئے پاکستان کی کوششوں کا حامی ہے

امریکہ اور پاکستان کے قریبی تعلقات کی ایک تاریخ ہے ۔ امریکی ناظم الامور

[illegible]



کینیڈین ایمبیسی یروشلم میں

صفحہ ۳ پر اداریہ ملاحظہ کیجئے ۔